**Shabbir / Fazil**

**16-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

-1　Global AI Summit آج نئی دلی میں شروع ہو رہا ہے۔ کئی عالمی رہنما اِس کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔

-2　وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو سکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر ہمہ وقت تیار رہنا ہوگا۔

-3　انتخابی کمیشن نے بے ضابطگیوں کے الزام میں مغربی بنگال میں 7 معاون چناؤ رجسٹریشن افسروں کے خلاف تادیبی کارروائی کا حکم دیا ہے۔

-4　امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ قیامِ امن بورڈ کے ارکان نے غزہ کی تعمیر نو کیلئے پانچ ارب ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

-5　اور: مردوں کے ICC ٹی۔ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو میں، بھارت نے پاکستان کو 61 رن سے شکست دی۔ اِس طرح بھارت Super Eight کیلئے کوالیفائی کرنے والی دوسری ٹیم بن گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

India AI Impact Summit

نئی دِلّی میں India AI Impact Summit-2026 آج سے شروع ہو رہی ہے۔ یہ پانچ روزہ کانفرنس، عالمی جنوب میں مصنوعی ذہانت AI سے متعلق اب تک کی پہلی عالمی کانفرنس ہوگی۔ 20 ملکوں کے عالمی رہنما، اِس میں شرکت کریں گے۔ اِن رہنماؤں میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں، برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva، اسپین کے صدر Pedro Sanchez Perez-Castejon، سوئٹزر لینڈ کے صدر Guy Parmelin، نیدرلینڈس کے وزیر اعظم Dick Schoof، متحدہ عرب امارات کے، ابوظبی کے ولیعہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان، ماریشس کے وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام، سری لنکا کے صدر انورا کمار دِسانائکے، سیشلز کے نائب صدر Sebastien Pillay اور بھوٹان کے وزیر اعظم شیرنگ توبگے شامل ہیں۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بولیویا، کروئشیا، ایستونیا، فِن لینڈ، یونان، گیانا، قزاخستان، Liechtenstein، سربیا اور سلوواکیا کے رہنما بھی اِس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

کانفرنس میں 45 سے زیادہ ملکوں کے وزارتی مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ اِس کے علاوہ اقوام متحدہ کے سکریٹری-جنرل اور بہت سی بین الاقوامی تنظیموں کے سینئر افسران بھی بات چیت میں شامل ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC - Suparna

India AI Impact Summit-2026 تین اصولوں پر قائم ہے، جن سے مصنوعی ذہانت کے بارے میں عالمی تعاون میں رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ یہ تین اصول ہیں: عوام، کرۂ ارض اور ترقی۔ کانفرنس میں تبادلۂ خیال کیلئے چکر یا ورکنگ گروپ ہوں گے، جنہیں 7 مربوط موضوعاتی میدانوں کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔ سات چکروں میں انسانی اثاثہ، سماجی بااختیاری کیلئے شمولیت، محفوظ اور با اعتبار مصنوعی ذہانت، سائنس، استحکام، اختراع، استعداد، مصنوعی ذہانت کے وسائل کی سب کیلئے فراہمی، اقتصادی ترقی اور سماجی بھلائی کیلئے مصنوعی ذہانت شامل ہیں۔ اِس کانفرنس میں 100 سے زیادہ ملکوں کو مدعو کیا گیا ہے اور دو لاکھ سے زیادہ لوگوں نے اِس کیلئے آن لائن رجسٹریشن کرایا ہے۔

یہ کانفرنس، مصنوعی ذہانت سے متعلق عالمی ایجنڈے کو تشکیل دینے کیلئے ایک بنیادی پلیٹ فارم کا رول ادا کرے گی۔ اِس کانفرنس میں بھارت کی پوزیشن، مصنوعی ذہانت سے متعلق عالمی تعاون میں ایک کنویز اور شراکت دار کے طور پر ہوگی، جس سے مشترکہ معیارات، اشتراک پرمبنی فریم ورکس اور لوگوں کی بھلائی کیلئے طریقۂ کار میں مدد ملے گی۔ اِس کانفرنس سے ذمہ دارانہ، سب کی شمولیت والے اور ترقی پر مرکوز مصنوعی ذہانت کے طریقوں کے تئیں، بھارت کے عزائم کا اعادہ ہوتا ہے۔

سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

PM India AI Expo

وزیر اعظم نریندر مودی آج، نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو -2026 کا افتتاح کریں گے۔ اِس پانچ روزہ ایکسپو انڈیا کا انعقاد، AI Impact Summit-2026 کے دوران کیا جا رہا ہے، جس میں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے اقدامات کو اُجاگر کیا جائے گا۔ اس نمائش میں 13 ملکوں کے پویلینز کے ذریعے، AI ایکو نظام میں بین الاقوامی اشتراک کو نمایاں کیا جائے گا۔ ایکسپو میں 300 سے زیادہ نمائشی پویلینز ہوں گے، جنہیں 3 موضوعاتی چکروں، عوام، کرۂ ارض اور ترقی کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔ ایکسپو میں 600 سے زیادہ قوی امکانات والے اِسٹارٹ اَپس بھی شامل ہیں، جو عالمی سطح پر فائدہ مند ہوں گے۔ یہ اِسٹارٹ اَپس، عوامی سطح کے طریقِ کار تشکیل دے رہے ہیں۔

ایکسپو میں 500 سے زیادہ اجلاس منعقد کیے جائیں گے، جن کے دوران مختلف شعبوں پر AI مصنوعی ذہانت کے، یکسر تبدیلی لانے والے اثرات کو اُجاگر کیا جائے گا اور اِس بات کو یقینی بنانے کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا کہ مصنوعی ذہانت سے، دنیا کے ہر شہری کو فائدہ ہو۔

امید ہے کہ India AI - Impact Expo 2026 کو، ڈھائی لاکھ سے زیادہ لوگ دیکھنے آئیں، جن میں بین الاقوامی مندوبین بھی شامل ہیں۔x

UN Chief New Delhi AI Summit

اقوام متحدہ سکریٹری-جنرل انتونیو گُتریس نے کہا ہے کہ بھارت، عالمی جنوب میں، اب تک کی پہلی AI سربراہ کانفرنس کی میزبانی کی صحیح جگہ ہے۔ AI - Impact Summit سے پہلے، ایک خبر ایجنسی سے بات کرتے ہوئے، جناب گُتریس نے کہا کہ مصنوعی ذہانت AI، پوری دنیا کیلئے ہونی چاہیے، نہ کہ چند طاقتور ملکوں کیلئے۔x

PM Interview PTI

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کو سیکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر ہمہ وقت تیار رہنا ہوگا۔ ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ گذشتہ ایک دہائی میں محکمۂ دفاع میں کی گئی اصلاحات کے فائدے آپریشن سِندور کے دوران صاف دیکھے جا سکتے تھے۔

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ دنیا میں اور زیادہ اہم رول ادا کرنے والا ملک ہونے کے ناطے بھارت کا یہ فرض ہے کہ وہ موجودہ حقائق کی مناسبت سے اپنے دفاع کے شعبے کو جدید طرز پر ڈھالے۔ مرکزی بجٹ 2026-27 میں دفاع کے شعبے کیلئے سات لاکھ 85 ہزار کروڑ روپے مختص کیے جانے کا تذکرہ کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ اخراجات گذشتہ بجٹ کے مقابلے 15 فیصد زیادہ ہیں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ کسی بھی وزارت یا محکمے کو دی جانے والی یہ سب سے بڑی رقم ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ اِس سال کے مرکزی بجٹ سے ترقی یافتہ ملک بننے کی بھارت کی خواہش کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بجٹ میں جن ٹیکس ترغیبات کا اعلان کیا گیا ہے، وہ اِس شعبے میں سرمایہ کاری کی رفتار تیز کرنے، جدید طرز کی سہولیات تعمیر کرنے کی لاگت کم کرنے اور ڈیٹا بنیادی ڈھانچے کیلئے بھارت کو عالمی مسابقت والے ملک کے طور پر پیش کرنے کیلئے مرتب کی گئی ہیں۔

جناب مودی نے پوری دنیا کے ڈیٹا کیلئے بھارت میں اپنا مقام بنانے کی پیشکش کی۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت نے آزادانہ تجارت کے جو سمجھوتے کیے ہیں، اُن کا مقصد ٹیکسٹائل، چمڑے، کیمیکلز، دستکاری، ہیرے جواہرات اور دیگر شعبوں میں MSME اداروں کیلئے مارکیٹ رسائی میں وسعت لانا ہے۔x

Sitharaman Munich

محکمۂ خزانہ اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے جرمنی کے شہر میونخ میں APM Terminals کے چیف ایگزیکیوٹیو افسر Keith Svendsen سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ اِس میٹنگ کے دوران طرفین نے حال ہی میں بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان طے پائے گئے آزاد تجارت کے سمجھوتے کے فائدوں پر تبادلۂ خیال کیا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

WB EC Disciplinary Action

انتخابی کمیشن نے، بدعنوانی کے بہت سے الزامات کے سلسلے میں، مغربی بنگال میں ووٹروں کے رجسٹریشن سے متعلق 7 اسسٹنٹ افسران AEROs کے خلاف تادیبی کارروائی کا حکم دیا ہے۔ اِن میں سے دو کا تعلق Purba اور ایک-ایک کا تعلق سُوتی، Maynaguri، شمشیر گنج، ڈیبرا اور Farakka حلقوں سے ہے۔

کمیشن نے کل ریاست کی چیف سکریٹری نندنی چکرورتی کو ایک خط بھیجا تھا، جس میں اِن سات AEROs کے خلاف کارروائی کی ہدایت دی گئی تھی۔ خط میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ SIR عمل میں سرگرم اِن افسران کی طرف سے، شدید بدسلوکی، فرائض کی انجام دہی میں غفلت اور قانونی اختیارات کے بیجا استعمال کے شواہد ملے ہیں۔ لہٰذا فوری معطّلی اور تادیبی تفتیش کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔

اسی دوران سپریم کورٹ کی 9 فروری کی ہدایت کے مطابق انتخابی کمیشن نے، SIR عمل سے متعلق Form-7 کے سبھی اعتراضات کو دور کرنے کے بارے میں ایک سخت پیغام جاری کیا ہے۔x

EC Assam Visit

اعلیٰ انتخابی افسر گیانیش کمار کی قیادت میں بھارت کا پورا انتخابی کمیشن ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے آج گوہاٹی پہنچے گا۔ اپنے اِس تین روزہ دورے میں کمیشن، ریاست کے سینئر افسران اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں سے تفصیلی ملاقات کرے گا۔ x

Shah Raising Day

وزیرِ داخلہ امت شاہ نے دلی پولیس کے یومِ تاسیس کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ اپنے پختہ عزم اور لگن کے ساتھ کام کرنے والے اہلکاروں نے عوام کی خدمت کرنے اور انھیں محفوظ رکھنے کیلئے مثالی معیارات طے کیے ہیں۔

انھوں نے اُن شہیدوں کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا جنھوں نے اپنا فرض ادا کرتے ہوئے عظیم قربانی پیش کی۔x

Goa CISF

CISF، وندے ماترم کوسٹل سائیکلوتھون 2026 آج 156 کلو میٹر کے راستے کیلئے روانہ ہوگی۔ یہ سائیکلوتھون ’’ساحلوں کی حفاظت کیجیے، بھارت کو خوشحال بنائیے‘‘ کے مشن کے حصے کے طور پر کاروار کی جانب روانہ ہوگی۔

یہ سائیکل سوار، کل شام وادتار سے، گوا میں چکالم پہنچے تھے۔ یہ سفر بھارت کے قومی ترانے کے 150 سال پورے ہونے کے موقعے پر کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد ساحلی سلامتی اور قومی خوشحالی کے درمیان اہم رابطے کو اُجاگر کرنا ہے۔ اِس میں شرکت کرنے والوں میں 50 فیصد سے زیادہ خواتین ہیں۔

اِس ٹیم نے نئی دلّی میں 28 جون کو اپنا ساڑھے چھ سو کلو میٹر کا سفر شروع کیا تھا، جس میں سمندر سے متعلق بیداری اور تندرستی کے سلسلے میں مقامی نوجوانوں کو شامل کیا جاتا رہے گا۔x

Rev. Gates Amaravati

گیٹس فاؤنڈیشن کے بانی چیئرمین بل گیٹس آج آندھراپردیش کے دورے پر جا رہے ہیں۔ وہ فاؤنڈیشن کے چھ رکنی وفد کے ساتھ امراوتی میں آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو سے ملاقات کریں گے۔ اِن کا Real-Time Governance Centre کے دورے کا بھی پروگرام ہے۔

میٹنگ کے دوران توقع ہے کہ تعلیم، حفظان صحت زرعی شعبوں میں ریاستی حکومت اور فاؤنڈیشن کے درمیان شراکت داری کو توسیع دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

Coas Australia Visit

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی آج آسٹریلیا کے چار دن کے دورے پر جا رہے ہیں۔ وزارت دفاع کے مطابق اُن کے اِس دورے کا مقصد بھارت-آسٹریلیا دفاعی اشتراک کو مزید مستحکم بنانا اور دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتے ہوئے اتفاقِ رائے کو تقویت پہنچانا ہے۔

فوج کے سربراہ آسٹریلیا کی دفاعی فورس کے سرکردہ رہنماؤں کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر بات چیت کریں گے، جس میں دونوں ملکوں کی افواج کے درمیان رابطوں پر وسعت دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

Bangladesh Tarique Rahman

امید ہے کہ کل بنگلہ دیش میں نئی سرکار کی حلف برداری کی تقریب میں کئی غیر ملکی سرکردہ افراد شرکت کریں گے۔ ان میں لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور جنوب ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم کے ملکوں کے وزراءِ خارجہ بھی شامل ہیں۔
وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ طارق رحمان کی زیرِ قیادت سرکار کی حلف برداری میں اسپیکر اوم برلا بھارت سرکار کی نمائندگی کریں گے۔ وزارت کے مطابق اسپیکر موصوف کی شرکت سے دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان گہری اور پائیدار دوستی کی عکاسی ہوتی ہے اور یہ دونوں ہمسایہ ملکوں کی جمہوری اقدار کے تئیں بھارت کے عہد کا بھی مظہر ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت طارق رحمان کی قیادت میں بنگلہ دیش میں منتخب سرکار کا خیر مقدم کرتا ہے۔x

Trump Gaza Peace

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ نئے بنائے گئے Board of Peace کے ارکان نے جنگ سے تباہ حال غزہ کی تعمیر نو کی خاطر پانچ ارب ڈالر کا وعدہ کیا ہے اور وہ خطے کیلئے استحکام قائم کرنے اور پولیس فورسز کے واسطے ہزاروں اہلکار بھی دستیاب کرائیں گے۔
صدر ٹرمپ نے بتایا کہ جمعرات کو واشنگٹن میں بورڈ ارکان کی پہلی میٹنگ کے دوران اِس سلسلے میں باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔x

Rev. Cricket T20 World Cup

آئی سی سی مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں بھارت نے کولمبو کے-آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کل رات گروپ اے مقابلے میں پاکستان کو 61 رن سے ہرا دیا۔ اس طرح سُپر آٹھ میں کیلئے کوالیفائی کرنے والی یہ دوسری ٹیم بن گئی ہے۔
176 رن کے حصول کیلئے کھیلتے ہوئے پاکستان کی پوری ٹیم 18 اوور میں 114 رن پر آؤٹ ہو گئی۔
بھارت کیلئے جسپریت بمراہ، اکشر پٹیل، ورون چکرورتی اور ہاردک پانڈیا نے دو، دو وکٹ لیے، جبکہ کلدیپ یادو اور تلک ورما نے ایک-ایک وکٹ لیے۔
جیت کے بعد بھارت کے کرکٹ شائقین نے جشن منایا۔

Music

Vox Pop Cricket

آج تین میچ ہونے ہیں۔ پہلے میچ میں افغانستان کا مقابلہ دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دن گیارہ بجے متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔ گروپ سی میں اٹلی اور انگلینڈ آج سہ پہر کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں ایک دوسرے کے مدِّ مقابل ہوں گے، جبکہ آج شام سات بجے آسٹریلیا کا مقابلہ سری لنکا سے Pallekele انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے انڈمان نکوبار جزائر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر جنوب مغرب کے بعض حصوں نیز ملحقہ جنوب مشرقی خلیجِ بنگال کے کچھ حصوں میں آندھی چلنے کا امکان ہے۔
موسمیات محکمے کے مطابق اگلے 24 گھنٹے کے دوران مغربی بھارت میں کم سے کم درجۂ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی آنے کا امکان نہیں ہے، جبکہ شمال مغربی بھارت میں اگلے تین دن کے دوران رات کے ٹیمپریچر میں رفتہ رفتہ دو سے لے کر تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔x

MA Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''امتحان سے متعلق ذہنی دباؤ اور کشیدگی سے نمٹنے کے طریقوں'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک - صفر چار ، آٹھ ایک
اور
صفر ایک ایک - دو تین، سات ایک، سات ایک، ایک سات
اور
صفر ایک ایک - دو تین، سات ایک، سات ایک، صفر چھ

اس کے علاوہ آپ اپنے سوالات وہاٹس ایپ کے ذریعے
نو دو - آٹھ نو، صفر نو، چار صفر، چار چار
پر پوچھ سکتے ہیں یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر اپنے سوالات بھیج سکتے ہیں۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار انقلاب نے ایک نیوز ایجنسی کو دیے گئے وزیراعظم نریندر مودی کے انٹرویو سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے عام بجٹ، امریکہ اور یوروپی یونین کے ساتھ تجارتی معاہدوں پر وزیراعظم نریندر مودی کا پہلا انٹرویو، کہا اپنی شرائط پر 38 ممالک سے معاہدے کیے، ہماری پالیسیوں نے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کیا۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے : بھارت منڈپم میں انڈیا اے آئی امپیکٹ ایکسپو آج، وزیراعظم افتتاح کریں گے۔ ہندوستان ایکسپریس سرخی دیتا ہے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا بنگلہ دیش میں طارق رحمان کی وزیراعظم کے طور پر حلف برداری تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

ٹی۔ٹوئنٹی عالمی کپ میں پاکستان کے خلاف بھارت کی شاندار جیت کی خبر کو سبھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ایران پر اقتصادی دباؤ بڑھانے پر ڈونلڈ ٹرمپ اور نتن یاہو کا اتفاق
- امن سے متعلق معاہدے کیلئے یوکرین تیار: زیلنسکی کا بیان
- غزہ میں اسرائیل کی جنگ بندی کی خلاف ورزی جاری، بمباری میں 10 فلسطینی ہلاک، متعدد زخمی
- نائیجیریا میں موٹر سائیکل سوار افراد کا خونریز حملہ، 32 افراد ہلاک، درجنوں اغوا

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- Global AI Summit آج نئی دلی میں شروع ہو رہا ہے۔ کئی عالمی رہنما اِس کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔

2- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو سکیورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر ہمہ وقت تیار رہنا ہوگا۔

3- انتخابی کمیشن نے بے ضابطگیوں کے الزام میں مغربی بنگال میں 7 معاون چناؤ رجسٹریشن افسروں کے خلاف تادیبی کارروائی کا حکم دیا ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ قیامِ امن بورڈ کے ارکان نے غزہ کی تعمیر نو کیلئے پانچ ارب ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

5- اور: مردوں کے ICC ٹی۔ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں کولمبو میں، بھارت نے پاکستان کو 61 رن سے شکست دی۔ اِس طرح بھارت Super Eight کیلئے کوالیفائی کرنے والی دوسری ٹیم بن گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---